In the Name of the Father and the Son and the Holy Spirit

# Old Testament Survey

# پرانے عہد نامہ کا جائزہ

## Lecture No 19

(By: Shoaib Sharoon)

*MPhil. in Biblical Studies, FC College, Lahore*

# انبیائے اکبر
# (یسعیاہ، یرمیاہ، نوحہ، حزقی ایل، دانی ایل)

# Major Prophets
# (Isaiah, Jeremiah, Lamentation, Ezekiel, Daniel)

# یسعیاہ کی کتاب
# The Book of Isaiah

یسعیاہ نبی کے صحیفہ کو ""نجات کی کتاب"" بھی کہتے ہیں۔ بعض اِسے ""یسعیاہ کی اِنجیل"" بھی کہتے ہیں کیونکہ اِس کتاب میں نجات سے متعلق وسیع پیغام موجود ہے۔یسعیاہ نام کا مطلب بھی ""یہواہ نجات ہے"" ہے۔اِس کتاب میں 11 رہائی کے گیت ہیں۔یسعیاہ نبوتوں کی مدد سے مسیح کی مکمل کہانی بیان کرتا ہے۔یہ کتاب یسوع مسیح کے متعلق کافی کچھ بیان کرتی ہے مثلاً: پیدائش، داؤد کی نسل، گلیل میں خدمت، رد کیا جانا، مسیح کی روح سے معمور خدمت، کفارا، ایذارسانی، دکھ اُٹھانا، امیر آدمی کی قبر میں دفنانا۔

یسعیاہ نبی کے صحیفہ کو چھوٹی بائبل بھی کہتے ہیں کیونکہ بائبل مقدس کی 66 کتابیں ہیں، یسعیاہ کے 66 ابواب ہیں۔پہلے 39 ابواب شریعت اور عدالت کے بارے میں بیان کرتے ہیں اور آخری 27 ابواب میں مسیح کے متعلق نبوتیں اور فضل کے دور کے متعلق تعلیم موجود ہے۔اِس کتاب کے آخر میں نئے آسمان اور نئی زمین کے بارے میں بھی بیان کیا گیا ہے۔

# یسعیاہ نبی
# Prophet Isaiah



یسعیاہ نبی کو "رہائی کا نبی" بھی کہتے ہیں۔یسعیاہ کا تعلق شاہی خاندان سے تھا۔یسعیاہ آموص کا بیٹا تھا جو یہودی روایات کے مطابق شاہِ یہودہ امصیاہ کا بھائی تھا۔

یسعیاہ نبی کی خدمت کا بڑا حصہ یہودا/ہ کی سلطنت میں تھا۔


یسعیاہ نبی کی بیوی بھی نبیہ تھی(8/3)۔

یسعیاہ ہوسیع اور میکاہ نبی کا ہم عصر تھا۔اُس نے پانچ بادشاہوں (عُزیاہ، یوتام، آخز، حزقیاہ، منسی (روایت کے مطابق)) کے دور میں تقریباً 60 سال خدمت کی۔

روایات کے مطابق منسی نے یسعیاہ کو قتل کروایا۔اُس نے یسعیاہ کو آرے سے چیر وادیا اور کہا جاتا ہے کہ عبرانیوں (11/37) بھی یسعیاہ کے بارے میں ہی ہے۔

# مصنف

# Author



عام طور پر یسعیاہ کو ہی اِس کا مصنف مانا جاتا ہے۔ لیکن 40 سے 66 ابواب کا تعلق اسیری کے دور سے ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ آخری حصہ کسی اور نے لکھا ہے۔

# سنِ تصنیف
# Written Date




یہ کتاب آٹھویں صدی ق۔م میں لکھی گئی لیکن 40ویں باب سے معلوم ہوتا ہے کہ اسیری میں موجود لوگوں کے لئے کلام کیا جا رہا ہے جسکا مطلب ہے کہ آخری حصہ 5ویں یا چھٹی صدی ق۔م میں تقریباً 150 سالوں کے بعد لکھا گیا۔

# وجہ تحریر اور پیغام
# Purpose and Message

اِس کتاب کی تحریر کا مقصد یہ تھا کہ لوگوں کے جرم اور عدالت کے بارے میں اُنہیں بتایا جا سکے۔ اِسکے علاوہ دیگر مقاصد میں خُدا کی معافی، رہائی اور اسرائیل کی بحالی کت متعلق بیان کرنا بھی ہے۔

اِس کتاب کا پیغام واضح ہے کہ یہوواہ وفادار خُدا ہے جو اپنے عہد نبھانے والا ہے۔ آخز اور حزقیاہ اِس کی بہترین مثال ہیں۔ آخز مدد کے لئے اسوریوں کے پاس گیا جبکہ حزقیاہ نے خُدا پر ہی آس رکھی۔

# یسعیاہ کی کتاب کا خاکہ:
# Outline:

**2 اہم حصے**

- اسوریوں کا دور (1-39)، عدالت کی کتاب
  (عدالت، بوجھ، افسوس، اسوریوں کا حملہ، حزقیاہ کی شفا)
- بابلیوں کا دور (40-66)، آرام کی کتاب
  (اسیروں کے لئے بحالی کا پیغام، مسایا کا وعدہ، مستقبل کے جلال کی نبوت)


# یرمیاہ اور نوحہ

# Jeremiah and Lamentations

یرمیاہ کا تعلق جس دور سے ہے اُس وقت کا کافی ہل چل مچی ہوئی تھی۔ یرمیاہ نے یسعیاہ نبی کے تقریباً 70 سال کے بعد خدمت سرانجام دی۔ یہ وہ دور تھا جب اسوری دنیا پر اپنی طاقت کھو رہے تھے اور مصری اور بابل غلبہ پا رہے تھے۔ یہوداہ کی سلطنت کی اسیری بابلیوں کے منصوبہ میں تھیں۔ دوسری طرف یہواہ کی سلطنت بھی معاشی، سیاسی اور روحانی طور پر کافی کمزور ہو چکی تھی۔ یرمیاہ حالات کو دیکھتا ہے اور لوگوں کو تنبیہ کرتا ہے کہ خُدا کی طرف لوٹیں۔ اُسکی بلاہٹ توبہ اور خُدا کی طرف لوٹ آنے کے بارے میں تھی۔

یرمیاہ نے یہوداہ کے آخری 5 بادشاہوں کے دور میں خدمت کی جو کہ سیاہ ترین دور تھے، (2-سلاطین 22-25)۔ منسی نے ہیکل کی تحقیر کی، کاہنوں میں بھی بگاڑ آچکا تھا اور زیادہ تر نبی بھی غلط نبوت کر رہے تھے، (یرمیاہ 5/31)۔ لیکن افسوس کہ یرمیاہ کے پیغام کو رد کیا جاتا ہے۔ اِس کے بعد یہوداہ بابل کی اسیری میں چلا جاتا ہے۔

# یرمیاہ نبی
# Prophet Jeremiah




یرمیاہ کاہن کا بیٹا تھا۔ یرمیاہ کم عمر کا تھا جب خُدا نے اُسے بلایا(17-21)۔
یرمیاہ توبہ کے کلام کی وجہ سے اُس دور میں غیر مقبول نبی تھا۔ اُسکا مذاق اُڑایا
گیا، ڈرایا گیا، لعنت کی گئی، بھوکار کھا گیا، مارا گیا اور قید میں بھی ڈالا گیا۔ یرمیاہ کا
ایک ساتھی بھی نظر آتا ہے جو اُسکے ساتھ مصیبت اور تنگی میں بھی رہا۔ اُس کا نام
باروک ہے۔ یرمیاہ، صفنیاہ، حبقوق، دانی ایل اور حزقی ایل کا ہم عصر تھا۔
یرمیاہ کی خدمت 3 مراحل پر مشتمل ہے۔ (1) اُس نے خُدا کے لوگوں کو
خبردار کیا جب اسوری اور مصری دھمکیاں دے رہے تھے۔ (2) خُدا کی آنے
والی عدالت کے بارے میں بیان کیا جب یہوداہ کے لوگ بابلیوں کے خوف
میں تھے۔ (3) یہوداہ کی گراوٹ کے بعد یرشلیم اور مصر میں خدمت کی۔
بابلیوں کی یہوداہ پر چڑھائی کے وقت یرمیاہ یروشلیم میں رہا لیکن بعد میں مصر
میں چلا گیا اور کہا جاتا ہے کہ وہیں وفات پا گیا۔

# یرمیاہ کو آنسو بہانے والا نبی کیوں کہتے ہیں؟
# Why is Jeremiah known as the "Weeping Prophet?"

یرمیاہ کو آنسو بہانے والا، رونے والا، آہو نالہ کرنے والا نبی کہتے ہیں۔ یرمیاہ کو ٹوٹے ہوئے دل والا نبی بھی کہتے ہیں۔ یرمیاہ کو درجہ ذیل وجوہات کی بناپر ایسے کہتے ہیں:

(a) وہ قوم کے گناہوں اور توبہ نہ کرنے کی وجہ سے افسردہ تھا۔

(b) وہ افسردہ تھا کیونکہ وہ خوبصورت شہر یروشلیم پر آنے والی تباہی کو دیکھ پا رہا تھا۔

(c) وہ افسردہ تھا کیونکہ خُدا کے چنے ہوئے لوگ قید میں جانے والے تھے۔

(d) وہ افسردہ تھا کیونکہ وہ آنے والی مصیبت سے بچنے کا حل جانتا تھا لیکن قوم قبول کرنے کو تیار نہیں تھی۔

(e) وہ افسردہ تھا کیونکہ اُس کے اندر خُدا کی طرف سے دیا گیا دل تھا جو کہ اپنی قوم کے لئے رو رہا تھا جو ہم نوحہ کی کتاب میں دیکھ سکتے ہیں۔

# یرمیاہ نبی کے پیغام میں کلیدی کیا تھا؟
# What was the heart of Jeremiah’s message?

(a) یرمیاہ کا کلیدی پیغام قوم کو توبہ کے لئے بلانا تھا۔

(b) اگر وہ نہیں سنیں گے تو خُدا کی عدالت اُن پر آئے گی۔

(c) اِن تمام کے باوجود اگر وہ فرمابردار ہوں گے تو خُدا کی طرف سے بحالی آئے گی۔

# نوحہ کی کتاب کی کیا منفرد خصوصیات ہیں؟

# What Unique Features are Characteristic of the Book of Lamentations?

نوحہ انبیا کے دور کا سب سے مایوس وقت تھا۔ سابقہ نبوتی کتب جس وقت کے بارے میں بیان کر رہی تھیں اب وہ وقت آگیا تھا۔ وہ وقت آگیا تھا اِس لئے یرمیاہ اب افسردہ ہوتا اور نوحہ کرتا ہے۔

(a) دو عبرانی عنوان اِس کے بارے میں خوب بیان کرتے ہیں:

(i) Ekhah، یہ پہلے، دوسرے اور چوتھے باب کے آغاز میں الفاظ ہیں مطلب، "آہ، کیسے؟"، "افسوس"۔

(ii) Qinoth، جسکا مطلب ہے "نوحہ/ماتم"۔ یہ ماتمی راگ میں لکھی گئی ہے۔

(b) نوحہ کی کتاب میں 5 ابواب ہیں یعنی پانچ نوحے ہیں:

(i) پہلا: شہرِ یروشلیم پر۔

(ii) دوسرا: حقیقی تباہی بابلی نہیں بلکہ خُدا کی نافرمانی ہے۔

(iii) تیسرا: خُدا کے لوگوں کے دشمنوں کی تباہی کے لئے فریاد۔

(iv) چوتھا: شہرِ یروشلیم کی تباہی پر مزید نوحہ۔

(v) پانچواں: خُدا کے لوگوں کے لئے فریاد۔

# نوحہ کی کتاب کی کیا منفرد خصوصیات ہیں؟
# What Unique Features are Characteristic of the Book of Lamentations?

نوحہ انبیا کے دور کا سب سے مایوس وقت تھا۔ سابقہ نبوتی کتب جس وقت کے بارے میں بیان کر رہی تھیں اب وہ وقت آگیا تھا۔ وہ وقت آگیا تھا اِس لئے یرمیاہ اب افسردہ ہوتا اور نوحہ کرتا ہے۔

(c) اِس کتاب میں نبی 4 باتوں پر نوحہ کرتا ہے:

(i) یہوداہ کی قوم پر۔
(ii) سلیمانی ہیکل پر۔
(i) شہرِ یروشلیم پر۔
(ii) فلسطین کی سرزمین پر۔

(d) نوحہ کی کتاب بابلی اسیروں کے لئے لکھی گئی۔

(e) نوحہ کی کتاب میں خُدا کا رحم موجود ہے۔

# حزقی ایل کی کتاب
# The Book of Ezekiel

---

## حزقی ایل کی کتاب کی تاریخی ترتیب:

اسرائیل کی سلطنت (شمالی سلطنت) کو 120 سال ہو چکے تھے اسوریوں کی اسیری میں گئے ہوئے جب حزقی ایل نے نبوت کی۔ یہوداہ کی سلطنت (جنوبی سلطنت) بابلیوں کی اسیری میں جارہی تھی، یہ قید بتدریج تھی اور کافی سال لگ گئے۔ بابل کے بادشاہ نبوکدنظر نے 10000 لوگوں کو قید کر لیا تھا یہوداہ کی دوسری تباہی میں۔ یہ قیدی شاہی خاندان سے تھے اور اُن میں سے ایک حزقی ایل تھا۔ حزقی ایل یہویاکین بادشاہ کے دور سلطنت مین اسیری میں گیا۔

حزقی ایل ایک کاہن کا بیٹا تھا۔ اِسکے نام کا مطلب ہے "خُدا کی قوت" یا "خُدا قوت دیتا ہے۔" خُدا نے حزقی ایل کو دلیری کے ساتھ خُدا کے نام کے لئے کھڑے ہونے کے لئے بلایا تھا۔ حزقی ایل یوسیاہ بادشاہ کے دورِ حکومت میں پیدا ہوا، یروشلیم میں پرورش پائی اور 25 برس کا تھا جب وہ اسیری میں گیا۔ 30 سال کی عمر میں خُدا نے اُسے بلایا۔ خُدا زیادہ تر رویا کے ذریعہ سے حزقی ایل سے کلام کرتا تھا۔ بابل میں اسیری کے باوجود حزقی ایل کو تھوڑی آزادی تھی اور وہ اپنے گھر میں رہتا تھا۔ اور اِسی کا گھر اسیری میں ایمانداروں کی رفاقت کے لئے استعمال ہوتا تھا۔ اسیری میں جانے کے بعد حزقی ایل نے 22 سال تک خدمت کی۔

# حزقی ایل کی کتاب کا خاکہ :
# Outline:

**4 اہم حصے**

- حزقی ایل کی بلاہٹ (3-1)
- یروشلیم کی تباہی کے بارے میں نبوت (24-4)
- آس پاس کی قوموں کے خلاف عدالت کی نبوت (32-25)
- مستقبل کی بحالی اور آرام کے بارے میں نبوت (43-33)

# حزقی ایل کی کتاب کی چند خصوصیات
# Some of the Unique Features of the Book of Ezekiel

(a) اِس کتاب کا توجہ مرکز "خُدا کا جلال" ہے۔ حزقی ایل بیان کرتا ہے کہ بت پرستی اور غیر معبودوں کی پرستش کے باعث خُدا کا جلال ہیکل پر سے اُٹھ گیا ہے۔

(b) خُدا نے حزقی ایل کو بہت سے نبوتی عمل کرنے کے لئے کہا:

(i) اُس نے اپنے آپکو گھر میں بند کر لیا تاکہ یہ بتایا جا سکتے کہ اسیری میں منتقل ہونا مشکل ہے۔

(ii) اُس نے مٹی پر یروشلیم کا خاکہ بنایا تاکہ اُسکے محاصرے کے بارے میں بیان کر سکے۔

(iii) 390 دن وہ بائیں طرف لیٹا رہا اور 40 دن دائیں طرف تاکہ اسیری کی مشکلات کو بتا سکے۔

(iv) اُس نے ناپاک روٹی بنائی اور کھائی تاکہ بتایا جا سکے کہ اسیری میں کیسے روٹی ملے گی۔

(v) اُس نے اپنا سر اور داڑھی منڈوائی تاکہ یہ بتا سکے کہ وہ ایک سے دوسری سرزمین میں جائیں گے۔

# حزقی ایل کی کتاب کی چند خصوصیات
# Some of the Unique Features of the Book of Ezekiel

---

(c) اِس کتاب میں روح القدس کے کاموں پر زور ہے۔

(d) حزقی ایل کی بحالی کے حوالے سے رویا۔

(e) برے چرواہوں پر عدالت۔

(f) ”اور تم جانو گے کہ میں خُداوند ہوں“۔ یہ 70 دفعہ آیا ہے۔ خُدا سیکھاتا ہے کہ عدالت اور مصیبتوں سے سیکھو کہ یہوواہ ہی واحد اور زندہ خُدا ہے۔

# دانی ایل کی کتاب
# The Book of Daniel

## دانی ایل کی کتاب کی تاریخی ترتیب:

دانی ایل کے متعلق خیال پایا جاتا ہے کہ وہ غالباً یوسیاہ بادشاہ کے دور میں اُس وقت پیدا ہوا جب یہوداہ کی سلطنت بابل کی اسیری میں جانے والی تھی۔ دانی ایل اُن پہلے اسیروں میں سے تھا جنہیں بابل میں لے جایا گیا تھا۔ خیال پایا جاتا ہے کہ دانی ایل نے اپنی باقی زندگی بابل میں ہی گزاری اور اُس نے فارس کے ہاتھوں بابل کا زوال بھی دیکھا۔ ممکن ہے کہ دانی ایل نے یہودیوں کی اسرائیل کی طرف واپسی کے ابتدائی واقعات بھی دیکھے ہوں۔ دانی ایل حزقی ایل کا ہم عصر تھا۔ دانی ایل حزقی ایل سے تقریباً 8 سال پہلے اسیری میں چلا گیا تھا۔ دانی ایل ایک تدریس یافتہ شخص تھا جس نے اسیری میں اپنے آپکو اپنے 3 دوستوں سمیت منفرد پیش کیا۔ اپنی حکمت اور نبوتی تحفہ (خوابوں کی تعبیر) کی وجہ سے وہ بابل کی قیادت میں کافی مشہور تھا۔ دانی ایل نے اپنی زندگی کا بڑا حصہ بابل کے بادشاہ نبوکدنظر کا مشیر بن کر گزارا۔ دانی ایل 4 بادشاہوں کے ساتھ رہا، نبوکدنظر، بیلشفر، دارا اور خورس۔ دانی ایل اُن کم لوگوں میں سے ایک ہے جن کے بارے میں بائبل مقدس میں کچھ بھی منفی درج نہیں۔ دانی ایل تقریباً 90 سال تک جیتا رہا۔

# دانی ایل کی چند خصوصیات

# Some of the Unique Features of Daniel

(a) غیر قوموں میں سرکاری عہدہ پر تھا۔

(b) بائبل میں درج نہیں کہ اُسے نبی ہونے کے لئے بلایا گیا۔

(c) زیادہ تر نبوتی کام غیر قوموں میں ہے، یوں کہہ سکتے ہیں کہ غیر قوموں کا نبی تھا۔

(d) دانی ایل کی کتاب کا بڑا حصہ ارامی زبان میں ہے۔

(e) دانی ایل کی کتاب کا زیادہ تر حصہ ایپوکلپٹک ہے۔

(f) یہ کتاب علم الآخرت اور مکاشفہ کی کتاب کو سمجھنے کے لئے کافی مدد دیتی ہے۔

# دانی ایل کی کتاب کا خاکہ:
# Outline:

**3 اہم حصے**

- دانی ایل کی ذاتی تاریخ(1/1-21)
- غیر قوم دنیا کے لئے نبوتی مکاشفے(2/1-7/28)
- خُدا کی قوم کے لئے مستقبل کے بارے میں نبوت(8/1-12/13)

# دانی ایل کی کتاب میں اہم مواد
# Important Content in the Book of Daniel

(a) دانی ایل کے دوست آگ کی بھٹی میں۔

(b) دانی ایل شیروں کی ماند میں۔

(c) ستر ہفتے۔

# Any Questions?